Urdu

Insert school logo

Operation Encompass
Supporting children through key adults

[Date]

ڈیر والدین/ کئیرر

میں آپ کو آپریشن اِن کیمپس Operation Encompass کے بارے میں تحریر کر رہی/رہا ہوں۔ یہ اپنی نوعیت کا ایک جدید پروجیکٹ ہے جس میں نارتھ ٹائن سائیڈ North Tyneside کے اسکول حصہ لیں گے اور یہ نارتھ ٹائن سائیڈ North Tyneside کونسل اور نارتھ آمبریا پولیس Northumbria Police کے تعاون سے کام کریں گے۔

اِس پروجیکٹ کا آغاز جون 2016 میں ہو گا جس کا مقصد ایسے بچوں کو سپورٹ فراہم کرنا ہے جو کہ گھریلو تشدد کی وجہ سے متاثر ہو رہے ہوں۔ بچے یا کسی نوجوان فرد کے لئے گھریلو تشدد کا سامنا کرنا واقعی بڑی ذہنی تکلیف کا سبب ہوتا ہے جو اکثر تشدد کو اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں ، کسی دوسرے کمرے سے آوازوں کو سنتے ہیں، والدین کی چوٹوں کو یا کسی واقعہ کے بعد اُن کو ذہنی تکلیف میں دیکھتے ہیں یا تشدد کو روکنے کی کوشش میں زخمی ہو جاتے ہیں۔

اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ جیسے ہی پولیس کو کسی گھریلو تشدد کی رپورٹ ملے گی پولیس چلڈرنز سوشل کئیر فرنٹ ڈور سروس Children's Social Care Front Door service سے رابطہ کریں گے اور پھر وہ اس بارے میں اسکول کے مقرر کردہ متعلقہ اسٹاف سے ضروری معلومات پر تبادلہ خیال کریں گے۔ اس کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے اسکول کو جلد از جلد پہلی فرصت میں با خبر کیا جائے تاکہ وہ بچوں کو مستقل طور پر اس طرح سپورٹ فراہم کریں جس سے وہ اپنے آپ کو محفوظ سمجھیں اور اُن کی بات کو سنیں۔

ہر اسکول کے پاس ایسے اسٹاف ممبرز ہوتے ہیں جنہیں **کی ایڈلٹ key adults** کہا جاتا ہے اور وہ پولیس اور سوشل کئیر کے ساتھ تعاون کرنے کے لئے پوری طرح تربیت یافتہ ہوتے ہیں اور اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ جب گھریلو تشدد کا کوئی واقعہ سامنے آئے تو بچے کو ضروری سپورٹ فراہم کی جائے۔

ہمیں یقین ہے کہ یہ پروجیکٹ بچے کی حفاظت اور اُن کو تحفظ فراہم کرنے کے سلسلے میں دوسرے محکموں کے تعاون سے اسکولوں کی کارگردگی کو اُجاگر کرے گا اور شاگردوں کو بہتر سے بہتر ممکنہ کئیر اور سپورٹ فراہم کرے گا۔

اگر اس وقت آپ اِس پروجیکٹ کے بارے میں کسی سے بات کرنا چاہتے ہیں یا مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو برائے مہربانی ہمارے **کی ایڈلٹس key adults** سے بات کیجئے جس کا نام اور رابطے کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

[--]

[--]

آپ اس بارے میں مزید جاننے کے لئے یہ ویب سائٹ ملاحظہ کر سکتے ہیں http://www.operationencompass.org/

آپ کا/کی مخلص

[Signature}